## سوال

ناپاکی کی حالت میں قرآن کو پڑھنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا جنبی مرد یا حائضہ عورت قرآن کو پکڑ سکتی ہے اور پڑھ سکتی ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

زبانی پڑھ سکتے ہیں ہاتھ نہیں لگا سکتے نہ ہی چھو سکتے ہیں ۔

سنن دارمی (۲/۸۴) (بَابٌ لاَطَلَاقَ قَبْلَ نِکَاحٍ) میں رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے :

«لَا یَمَسُّ الْقُرْآنَ اِلاَّ طَاہِرٌ»

ترجمہ : ''نہ چھووے قرآن کو مگر پاک''

قرآن مجید کی آیت :

وَاِنْ کُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّہَّرُوْا

ترجمہ : ''اور اگر تم ناپاک ہو تو پاکی حاصل کرو'' سے ثابت ہوتا ہے جنبی طاہر نہیں ورنہ اسے ''فَاطَّہَّرُوْا'' کا حکم نہ ہوتا اور جو طاہر نہیں وہ رسول اللہ ﷺ کے مندرجہ بالا فرمان کی رو سے قرآن مجید کو چھو نہیں سکتا تو پکڑ بھی نہیں سکتا اور معلوم ہے کہ حائضہ بھی طاہر نہیں کیونکہ اطہار و تطہر کا جنبی کی طرح اس کو بھی حکم ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**احکام و مسائل**

**غسل کا بیان ج1ص95**